غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

GET
GHAZALI EDUCATION TRUST

جولائی 2006 شمارہ نمبر 19 مرتب کردہ: شعبہ میڈیا اینڈ پروموشن

**قرآن پاک** جو لوگ سونا چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور ان کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، سو آپ انہیں ایک دردناک سزا کی خبر سنا دیجئے۔ (سورۃ التوبہ: ۳۴)

**حدیث پاک** حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا
"صدقہ و خیرات اللہ تعالیٰ کے غضب کو بجھا دیتا ہے اور بری موت کو دور کرتا ہے" (ترمذی)

66۔ایف، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ فون: 042-5882939,5850966 Visit us: www.get.org.pk E-mail: info@get.org.pk

## حرفِ آغاز


اللہ کے فضل و احسان کے بعد انسانی وسائل کا صحیح انتخاب اور استعمال غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی ترجیح ہے۔ 1995ء سے 2006ء تک کے اس سفر میں اس ادارے کو دیانت دار، مخلص اور پرعزم کارکنان نے پاکستانی معاشرے میں امید کی کرن بنا دیا ہے۔ تاہم پیشہ ورانہ مہارت میں اضافہ کے لیے مزید ٹھوس اور موثر منصوبہ بندی کی ضرورت ہے کیونکہ ایک طرف تو پاکستان کے ہر علاقے میں بے روزگار نوجوانوں کے ہجوم ایک چیلنج بن چکے ہیں مگر دوسری طرف جوہرِ قابل کی تلاش شروع کی جائے تو خاصی مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے تعلیم یافتہ نوجوان بیروزگاری کا شکوہ تو کرتے ہیں لیکن ان کی تعلیمی استعداد محض حروف شناسی تک محدود ہے کسی بھی توعیت کی پیشہ ورانہ مہارت ناپید ہے۔ اس تناظر میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے آغاز سے ہی شعبہ انسانی وسائل (HRD) قائم کرلیا اور آج اس ادارے کی علمی و تنظیمی فتوحات، اہلِ خیر کا بڑھتا ہوا اعتماد اور تیزی سے آگے بڑھتے ہوئے قدم ہر حساس دل پر دستک دے رہے ہیں۔

بقول نعیم صدیقیؒ

؎ یہ انتظارِ سحر کہاں تک بناؤ خود اپنے چاند سورج
ستارے بجھ بجھ کے گر رہے ہیں مدار سے آفتاب گم ہے

ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل
صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

## خواب سے حقیقت تک



ایک کنال رقبے پر محیط 9 اساتذہ اور 245 طلباء پر مشتمل غزالی سکول سسٹم چک 78 ج ب فیصل آباد کا شمار علاقے کے نمایاں پرائمری سکولوں میں ہوتا ہے۔ معصوم سکندر حیات اسی سکول میں کلاس سوم کا طالب علم ہے۔ تین سال کی عمر میں ہی سکندر حیات کے والدین ایک حادثے میں اللہ کو پیارے ہو گئے۔ اب سکندر حیات اور اس کے چھوٹے بھائی کی کفالت کی ذمہ داری ان کے غریب تایا فقیر محمد پر آن پڑی، جو کھیتی باڑی سے بمشکل اپنا اور اپنے گھر والوں کا پیٹ پال رہا تھا۔ بن ماں باپ کے سکندر حیات کا واحد مشغلہ گاؤں کی گلیوں میں مٹی کے گھروندے بنانا اور دوسرے بچوں کو صاف ستھرے یونیفارم پہنے سکول جاتے ہوئے حسرت بھری نگاہوں سے دیکھنا تھا اور پھر ایک روز غزالی سکول سسٹم چک 78 ج ب کے پرنسپل، سکندر حیات کے تایا کے پاس آئے اور انہیں خوشخبری سنائی کہ غزالی سکول سسٹم میں نہ صرف تمام مستحق اور یتیم بچوں کو مفت تعلیم دی جاتی ہے بلکہ دیگر تمام تعلیمی اخراجات بھی ٹرسٹ "مخیر" حضرات کے تعاون سے برداشت کرتا ہے۔ یہ خوش کن خبر سننے کے بعد سکندر حیات کے تایا نے اسے فوراً ہی غزالی سکول سسٹم میں داخل کروا دیا۔ غزالی سکول سسٹم میں سکندر کا پہلا دن اسکے لیے ایک نئی زندگی کا آغاز ثابت ہوا۔ سکندر کو کتابیں، کاپیاں، بستہ اور نیا یونیفارم ٹرسٹ کی طرف سے فوراً ہی فراہم کر دیا گیا۔ اساتذہ نے جلد ہی سکندر کے اندر چھپے جوہر کو پہچان لیا اور اسے مزید نکھارنا شروع کر دیا۔

آج سکندر حیات کا شمار سکول کے چند ذہین طالب علموں میں ہوتا ہے جو دوسرے بچوں کی طرح مکمل اعتماد اور عزت نفس کے ساتھ تعلیمی منزلیں کامیابی سے طے کر رہا ہے جس کی مثال سکندر حیات کا دوسری جماعت کے امتحان میں اول پوزیشن حاصل کرنا ہے۔ علاوہ ازیں ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی سکندر حیات اپنے خوبصورت انداز بیاں کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہا ہے۔

کون جانتا ہے کہ ماضی میں گاؤں کی گلیوں میں مٹی سے گھر بنانے والا یتیم سکندر حیات مستقبل کا بہت بڑا انجینئر ثابت ہو۔ انشاء اللہ

# اھلاً و سھلاً مرحبا

## ترک وفد کا غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ

پاک ترک (ICEF) کے ایک تین رکنی وفد نے مسٹر احمد رے کی سرکردگی میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام کے منیجر شہید الحق ظفر، پروگرام کوارڈینیٹر میڈیا اینڈ پروموشن سید تحریم ارتضیٰ اور منیجر ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ افتخار احمد شیخ نے وفد کا استقبال کیا اور ٹرسٹ کے اغراض ومقاصد کے بارے میں آگاہ کیا۔ سید تحریم ارتضیٰ نے ان کوششوں کا ذکر کیا جو ٹرسٹ پاکستان کے دور دراز اور پسماندہ دیہی علاقوں میں فروغِ تعلیم کے لیے کر رہا ہے، انہوں نے وفد کو بتایا کہ ٹرسٹ کے زیرِ انتظام پنجاب کے دیہی علاقوں میں 262 سکولز میں 1200 سے زائد اساتذہ 27000 سے زائد طلبہ وطالبات کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کر رہے ہیں جبکہ زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں اب تک 8 سکولز قائم کیے جا چکے ہیں اور مزید سکولز اور طالبات کے لیے ایک خواتین کالج زیرِ غور ہیں۔

شہید الحق ظفر نے ٹرسٹ کے تحت چلنے والے سکولز کے معیار، اساتذہ اور مقامی افراد کے تعاون اور مسائل کے بارے میں تفصیلاً بریفنگ دی۔ ترک وفد کے ارکان نے پاکستان کے دیہی علاقوں میں رہنے والے مستحق و نادار طلباء کی تعلیمی کفالت، انہیں معیاری تعلیم جدید ٹیچنگ ٹیکنیکس کے ساتھ مہیا کرنے کو سراہا۔ انہوں نے ٹرسٹ کا 'ایک استاد ایک کلاس' کے نظریے کو بہت پسند کیا اور امید ظاہر کی کہ ٹرسٹ کے ارکان جس عزم کے ساتھ اس نیک کام کو جاری رکھے ہوئے ہیں معاشرے کے دیگر افراد بھی اسی عزم کو اختیار کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکی برادر ممالک ہیں اور اس تعلق کی وجہ سے ہم پاکستان کو ترقی یافتہ و معاشی طور پر خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں جبکہ معاشی خوشحالی تعلیمی ترقی سے ہی ممکن ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے ٹرسٹ کے فروغِ تعلیم کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر پاک ترک آئی سی ای ایف کی جانب سے تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

• پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے منیجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر اللہ بخش ملک نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر مشتاق احمد مانگٹ نے انہیں غزالی ایجوکیشن کے اغراض و مقاصد، کارکردگی اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے بارے میں آگاہ کیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے انہیں اساتذہ کی ٹریننگ کے حوالے سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا شعبہ ہیومن ریسورس جو کام کر رہا ہے اس سے بھی آگاہ کیا۔ ڈاکٹر اللہ بخش ملک نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی کارکردگی کو بہت سراہا انہوں نے امید ظاہر کی کہ ٹرسٹ اسی طرح اپنے قیام کے اغراض ومقاصد کو مدِنظر رکھتے ہوئے علم کے فروغ کے لیے کام کرتا رہے گا۔ ٹیچرز ٹریننگ کے حوالے سے انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ پنجاب کے جس حصہ میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ٹریننگ ورکشاپ کا اہتمام کرے گا وہاں پر ہم ریسورس پرسن مہیا کریں گے۔

• پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تعاون سے جاری ٹیچر ٹریننگ ورکشاپ کے اختتام کے بعد فاؤنڈیشن کے پروجیکٹ آفیسر چوہدری محمد طاہر نے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ انہوں نے منیجر ہیومن ریسورس شفیق احمد اور منیجر ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ افتخار احمد شیخ سے اس ورکشاپ سے متعلق تبادلہ خیال کیا اور ہیڈ آفس کے مختلف ڈیپارٹمنٹس کے دورے کے دوران ذمہ داران سے ملاقاتیں کیں۔

• سعودی عرب میں مقیم غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے معاون ظفر راجپوت نے ماہ جون میں ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ نے ان کا استقبال کیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے انہیں بتایا کہ موجودہ سیشن 07-2006 میں مستحق ویتیم طلباء کی مالی کفالت کے لیے 90 لاکھ روپے درکار ہیں اور ٹرسٹ اپنے تمام معاونین سے اس حوالے سے رابطہ کر رہا ہے۔ معزز مہمان نے اپنے تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ جس طرح قوم کے نونہالان کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کر رہا ہے وہ قابلِ تعریف ہی نہیں قابلِ تقلید بھی ہے۔ اس موقع پر ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ افتخار احمد شیخ بھی موجود تھے۔

## سیکرٹری جنرل غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی بیرونِ ملک روانگی

• سیکرٹری جنرل غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید وقاص جعفری ایک ماہ کے دورے پر بیرونِ ملک روانہ ہو گئے۔ انہیں اس دورے کی دعوت فاؤنڈیشن آف دی فیتھ فل (FOF)، ہیلپنگ ہینڈ امریکہ اور اکنا ریلیف کینیڈا نے دی تھی۔ اپنے دورے کے دوران وہ ان اداروں کے ذمہ داران کے علاوہ دیگر پاکستانیوں سے بھی ملاقات کریں گے۔ نیز فنڈ ریزنگ کے مختلف پروگرامات میں شرکت کریں گے۔

• صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے گذشتہ ماہ سعودی عرب کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے جدہ میں سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے تعلیم کی اہمیت اور پاکستان کی ترقی میں اس کا کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا مقصد پاکستان کے دیہی علاقوں میں معیاری تعلیم کا فروغ اور اس کے ذریعے اعلیٰ معاشرے کی تشکیل ہے۔ ایگزیکٹو فورم جدہ نے بالاکوٹ میں ایک سکول عمارت کی تعمیر کا وعدہ کیا ہے۔

## منیجر پریپ کا دورۂ شمالی علاقہ جات

منیجر پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام (پریپ) شہید الحق ظفر نے بالاکوٹ اور مانسہرہ میں زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں قائم سکولز کا تفصیلی دورہ کیا اور ان سکولز کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس کے علاوہ منیجر پریپ نے غزالی سکول سسٹم عبداللہ پور، صفدر آباد ضلع شیخوپورہ، غزالی سکول سسٹم بھوانیداس، کوٹ آسائش، تتلے عالی، مرالی والہ ضلع گوجرانوالہ کا دورہ بھی کیا اور سکولز کے معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ علاوہ ازیں انہوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ہیئر میں قائم ٹریننگ سنٹر کا دورہ کیا اور وہاں پر پرنسپلز اور سینئر اساتذہ کے لیے جاری ٹریننگ ورکشاپ میں شرکت کی۔

## لاہور یونیورسٹی آف منیجمنٹ سائنسز کے طلباء کا غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ

لاہور یونیورسٹی آف منیجمنٹ سائنسز میں جاری سوشل انٹر پرائز منیجمنٹ پروگرام کے طلبہ وطالبات کی سات رکنی ٹیم نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ منیجر ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ افتخار احمد شیخ اور منیجر ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ شفیق احمد نے طلباء کا استقبال کیا۔ طلباء کو غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا گیا، اس کے علاوہ مختلف شعبہ جات کا تعارف اور ان کی کارکردگی کے متعلق تفصیل سے بتایا گیا نیز انہیں رائج نصاب، ٹیچر ٹریننگ اور کلاس روم منیجمنٹ کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد مشتاق مانگٹ، ڈائریکٹر سکولز عامر محمود چیمہ بھی موجود تھے۔

LUMS کے طلبہ وطالبات نے دور دراز دیہاتوں میں فروغِ تعلیم کے لیے غزالی کے کام کو سراہا۔ انہوں نے ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ میں خصوصی دلچسپی کا اظہار کیا۔ یاد رہے گزشتہ سال لاہور یونیورسٹی آف منیجمنٹ سائنسز کے ایم بی اے فائنل ایئر کے طلباء نے غزالی ایجوکیشن پر پروجیکٹ مکمل کیا تھا اس سلسلے میں ان طلباء نے سکولز کے دورہ کے دوران اساتذہ وطلباء اور والدین سے ملاقاتیں کیں اور ان ملاقاتوں ومشاہدات کی روشنی میں ٹرسٹ کی بہتری کے لیے تجاویز دیں۔

## ورکشاپس

• غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے شعبہ انسانی وسائل (ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ) کے زیر اہتمام 24 تا 30 اپریل، 8 تا 9 مئی اور 22 تا 28 مئی کو تدریس اردو وانگریزی کے حوالے سے Content Competancy Programme منعقد ہوا۔ دورانِ ورکشاپ آفاق کے ٹیچر ایجوکیٹر عرفان بشیر، عامر شہزاد اور حافظ کامران رفیع نے پرائمری سطح پر اردو اور انگریزی زبان کی مختلف مہارتوں کے حوالے سے اوران دونوں زبانوں کی

تدریس کے متعلق لیکچر دیے۔ جبکہ آفاق کے منیجر ٹریننگ وحید الدین اور ٹیچر ایجوکیٹر فیصل خورشید نے ایلیمنٹری سطح پر سائنس اور ریاضی کے بنیادی تصورات کے حوالے سے لیکچر دیئے۔

- **پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن (PEF)** کے تعاون سے غزالی ٹیچرز ٹریننگ سنٹر ہیئر میں 12 تا 16 جون Cluster Based Training workshop منعقد ہوئی۔ ورکشاپ میں غزالی سکول سسٹم شیخوپورہ اور لاہور کے اساتذہ کے علاوہ مقامی پرائیوٹ سکولز کے اساتذہ نے بھی شرکت کی۔ دورانِ ورکشاپ PEF سبجیکٹ سپیشلسٹ نے سائنس، انگریزی اور ریاضی کے تصورات کے حوالے سے شرکاء کے علم میں اضافہ کیا۔ شرکاء ورکشاپ نے سرگرمیوں پر مبنی [illegible]ں کی تعریف کی اور PEF کے ذمہ داران و اساتذہ کا شکریہ ادا کیا۔

- **غزالی ٹیچرز ٹریننگ سنٹر ہیئر** میں آفاق کے تعاون سے 19 تا 25 جون تدریسِ ریاضی و سائنس ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ اس ورکشاپ میں غزالی سکول سسٹم سے تعلق رکھنے والے 20 اساتذہ نے شرکت کی۔

## نئی تقرری وتبادلے

- بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد مشتاق مانگٹ کی برطانیہ روانگی کے باعث ڈائریکٹر پریپ عامر محمود چیمہ کو ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ مقرر کیا ہے۔
- ڈسٹرکٹ منیجر گوجرانوالہ ندیم اشرف باجوہ کو ہیڈ آفس منتقل کر کے پریپ ڈیپارٹمنٹ میں بطور پروگرام آفیسر ایڈمنسٹریشن تعینات کیا گیا ہے۔
- غلام مصطفیٰ احمدانی کی ہیڈ آفس میں بطور پروگرام آفیسر اکیڈمک پریپ ڈیپارٹمنٹ نئی تقرری ہوئی ہے۔
- میاں قیصر خلیل پرنسپل غزالی سکول سسٹم مرالی والہ ضلع گوجرانوالہ کو ترقی دے کر بطور ڈسٹرکٹ مینیجر گوجرانوالہ مقرر کر دیا گیا ہے۔

## تقریب تقسیم انعامات

**غزالی سکول سسٹم ٹھل حمزہ** ضلع رحیم یار خان میں تعلیمی نتائج، یومِ والدین اور تقسیمِ انعامات کی تقریب منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت حاجی محمد سلیم خان صدر کسان بورڈ اور جبکہ محمد صفدر رشید ایڈوکیٹ اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد مشتاق مانگٹ مہمانِ خصوصی تھے۔ دیگر مہمانانِ گرامی میں طارق جاوید بھٹی، سیف الرحمٰن، محمد اقبال گوہر اور گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول ٹھل حمزہ کے سربراہ ملک عبدالرشید شامل ہیں۔ اس موقع پر طلباء نے تقاریر، ملی نغمے، ترانے، نظمیں، خاکے اور ٹیبلوز پیش کر کے شرکاء سے دادِ تحسین وصول کی۔ امتحانات میں پوزیشنز لینے والے اور سارا سال نمایاں کارکردگی دکھانے پر طلباء کو انعامات اور سرٹیفکیٹس دیئے گئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمانانِ خصوصی محمد صفدر رشید ایڈوکیٹ نے کہا کہ ہمیں کوئی لمحہ ضائع کئے بغیر نئی نسل کے ذہنوں میں جذبہ حب الوطنی پیدا کرنا ہوگا۔ ریجنل منیجر ملتان طارق جاوید نے کہا کہ عصرِ حاضر علمی انقلاب کا دور ہے۔ تقریب کے اختتام پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد مشتاق مانگٹ نے کہا کہ موجودہ دور بین الاقوامی مسابقت کا دور ہے اور اس دور کے چیلنجز کا سامنا بغیر تعلیم کے ممکن نہیں یہی وجہ ہے کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ میں معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے جدید نصاب کی تیاری کا عمل بھی جاری ہے۔

- **غزالی سکول سسٹم وجھ** ضلع سرگودھا میں سالانہ تقریب تقسیمِ انعامات منعقد ہوئی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی معروف مقامی سماجی شخصیت اللہ بخش صدیقی تھے جبکہ صدارت ریجنل منیجر وقار احمد گوندل نے کی۔ دیگر مہمانان گرامی ڈاکٹر اقبال کھوکھر، پروفیسر طفر اقبال گوندل، رانا خالد ایڈوکیٹ اور محمد اسلم جٹ کے علاوہ طلباء و والدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر جماعت چہارم کی طالبہ میمونہ مسعود نے غزالی اور غزالین کا تعارف پیش کیا۔ جماعت چہارم کے ہی طالبِ علم محمد فہیم نے مسلمانوں کی خودی کو بیدار کرنے کے حوالے سے شاعرِ مشرق کی ایک نظم سنائی۔ اس کے بعد چند طلباء نے امت مسلمہ کے مسائل اور ان کے حل کے موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مہمانانِ خصوصی نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام چلنے والے سکولز کی تعریف کی اور کہا کہ ان سکولز میں طلباء کی تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت پر بھی توجہ دی جاتی ہے اس کا منہ بولتا ثبوت طلباء کی آج کی کارکردگی ہے۔ تقریب کے اختتام پر نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

- **غزالی سکول سسٹم بہل** ضلع بھکر کے زیرِ اہتمام جلسہ تقسیم انعامات منعقد ہوا۔ جس میں والدین اور مقامی افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب میں اول دوم اور سوم پوزیشن لینے پر طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر نمایاں کارکردگی دکھانے پر بہترین استاد کا ایوارڈز محمد اختر، ندیم احمد، مبین احمد اور جمشید حسین کو دیئے گئے۔ بہترین سجاوٹ کا انعام جماعت اول نے حاصل کیا۔ تقریب کے اختتام پر پرنسپل سکول بدرالدین صاحب نے غزالی سکول سسٹم کے آغاز کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ 1999ء میں جماعت KC سے شروع ہونے والا سکول آج ساتویں جماعت تک پہنچ چکا ہے اور یہ سب اساتذہ کی شبانہ روز محنت اور مقامی افراد کی حوصلہ افزائی کا نتیجہ ہے۔ آج ہم فخر سے کہہ سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے علاقے کا سب سے بہترین سکول بن چکا ہے یہی وجہ ہے کہ اہل علاقہ کی خواہش اور اصرار کو مدِنظر رکھتے ہوئے طلبہ و طالبات کے لیے علیحدہ سیکشن بنائے جا رہے ہیں۔

- **غزالی سکول سسٹم گوجرہ موڑ** ضلع جھنگ میں سالانہ تقسیم انعامات کی تقریب منعقد ہوئی جس میں مہمانانِ خصوصی مہر بہادر خان جھگڑ (امیر جماعت اسلامی ضلع جھنگ)، غریب حسن نسیم (ریجنل منیجر پریب)، مہر احسان اللہ (ڈسٹرکٹ منیجر پریپ) تھے۔ تقریب میں مقامی آبادی اور والدین وطلباء کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ طلبہ وطالبات نے مختلف آئیٹم اور خاکے پیش کر کے حاضرین کی داد حاصل کی۔ خاص طور پر کشمیر کے موضوع پر بنائے جانے والے خاکے بہت پسند کئے گئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمانانِ خصوصی نے بچوں کے جوش وخروش کو سراہا اور ان کی ذہنی و تعلیمی نشونما کے لیے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی کاوشوں کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ آخر میں اول، دوم اور سوم پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

## شعبۂ حصول اراضی وتعمیرات (LACD)

- غزالی سکول سسٹم لیٹی ضلع چکوال کی تعمیر کا کام آخری مراحل میں ہے۔
- اڈا 93 فیصل آباد چار دیواری کی تعمیر آخری مراحل میں ہے۔

## غزالی سکول سسٹم بہل ضلع بھکر کے طلباء کا مطالعاتی وتفریحی دورہ

**غزالی سکول سسٹم بہل ضلع** بھکر کے طلبہ وطالبات نے پرنسپل بدرالدین اور اساتذہ کے ہمراہ پپلاں سکول اور چشمہ بیراج کا مطالعاتی وتفریحی دورہ کیا۔ اس سلسلے میں بچوں نے سب سے پہلے غزالی سکول سسٹم محمود والا کا دورہ کیا اس کے بعد پپلاں سکول کی نئی عمارت کا بھی دورہ کیا۔ ڈسٹرکٹ منیجر قاضی برہان احمد نے طلباء واساتذہ کا استقبال کیا۔ طلباء نے اس نئی تعمیر شدہ عمارت کو بہت ذوق وشوق سے دیکھا۔ بعد ازاں طلباء کا یہ گروپ ڈسٹرکٹ منیجر اور اپنے اساتذہ کے ہمراہ چشمہ بیراج کی سیر کو روانہ ہوگیا۔ ڈسٹرکٹ منیجر قاضی برہان احمد اور پرنسپل بدرالدین نے طلبہ وطالبات کو بیراج تعمیر کرنے کی ضرورت واہمیت سے آگاہ کیا۔ طلباء نے تمام معلومات کو ذہن نشین کیا اور اس دورے سے بہت لطف اندوز ہوئے۔

## غزالی سکول سسٹم کی طالبات کا اعزاز

غزالی سکول سسٹم مہر پور ضلع مظفر گڑھ کی طالبات نے مڈل کے امتحان مرکز بصیرہ، مرکز شاہ جمال، مرکز گولائی میں پہلی تین پوزیشنز حاصل کرنے کا اعزاز حاصل کیا۔ صائمہ بلقیس دختر حافظ منظور احمد نے 687 نمبر، مصباح نسیم دختر نسیم رمضان کارلو نے 671 نمبر جبکہ رابعہ اختر دختر ڈاکٹر اختر راول نے 667 نمبر لے کر بالترتیب پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشنز حاصل کیں۔ یہ اعزاز حاصل کرنے پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد مشتاق مانگٹ، منیجر پریپ شہید الحق ظفر کے علاوہ معززینِ علاقہ مہر غلام نبی جانگلہ، ناظم سٹی شاہ جمال، میاں عاطف شہزاد دھنوتر اور مہر ایوب جعفری نے سکول کے پرنسپل اور اساتذہ کو مبارکباد پیش کی۔

## کتاب میلے میں شرکت

طلباء میں مطالعہ کے رجحان میں روز بروز کمی واقع ہو رہی ہے۔ موجودہ دور میں اکثر طلبہ و طالبات صرف درسی کتب کے مطالعہ تک محدود ہیں جبکہ علم صرف درسگاہوں ہی سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ کتب بینی بھی علم کے حصول میں بہت معاون ہوتی ہے۔ غزالی کالج برائے خواتین لاہور نے طالبات میں مطالعہ کے رجحان کو فروغ دینے کے لیے ماہ مئی میں پنجاب یونیورسٹی میں منعقد ہونے والے کتاب میلے میں طالبات کو شرکت کروائی۔ جہاں سیکڑوں مضامین پر ہزاروں کتب نمائش کے لیے رکھی گئی تھیں۔ اساتذہ و طالبات نے نہ صرف اس کتاب میلے میں گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا بلکہ متعدد کتب بھی خریدیں۔

## شجر کاری مہم

غزالی سکول سسٹم چاوے والا ضلع سرگودھا میں ہفتہ شجر کاری بڑے جوش و خروش سے منایا گیا۔ ہفتہ شجر کاری کا مقصد جہاں ایک طرف طلباء کو باغبانی جیسی مثبت سرگرمی سے روشناس کروانا تھا تو دوسری طرف سکول کی تزین و آرائش تھا۔ طلبہ و طالبات اور اساتذہ نے اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

# ٹیلنٹ ایوارڈ شو

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ضلع وہاڑی نے سابقہ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ذہین طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی کے لیے 8 سکولز چک 57/WB، چک 12/WB، چک 59/WB، چک 45/WB، چک 159، کالیہ شاہ، حسن شاہ اور چک 255/EB میں ٹیلنٹ ایوارڈز شو کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد مقامی افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ان شخصیات میں وہاڑی سے ممبر پنجاب اسمبلی طاہر اقبال چوہدری، حاجی محمد طفیل وڑائچ (صدر متحدہ مجلسِ عمل) اللہ دتہ ٹاوری (ناظم یونین کونسل)، قاضی حمید الحسن (ناظم یونین کونسل)، راؤ محمد وکیل (ناظم یونین کونسل)، سید آغاز حسین شاہ (ناظم یونین کونسل)، فرخ ستار (نائب ناظم یونین کونسل)، اختر نواز بھٹی (نائب ناظم یونین کونسل)، علامہ محمد اقبال قاسمی (ممتاز ماہرِ تعلیم) جبکہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ریجنل منیجر ملتان طارق جاوید بھٹی نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

اس رنگا رنگ تقریب میں طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے سٹیج پر آ کر اپنے فن کا مظاہرہ کیا جس کو حاضرین کی طرف سے بہت پزیرائی ملی۔ اس موقع پر نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلباء کو انعامات دیئے گئے۔ جبکہ یتامیٰ و مستحق طلباء میں یونیفارم اور کتابیں تقسیم کی گئیں۔ تقریب میں غزالی سکول سسٹم 57/WB، 12/WB اور 59/WB مجموعی طور پر اپنے ڈسپلن، انتظامات اور طلباء کی سٹیج پر کارکردگی کے حوالے سے نمایاں رہے۔

تمام شرکاء نے اس ٹیلنٹ ایوارڈ شو کو نہایت کامیاب قرار دیا۔ خاص طور پر طلباء کی سٹیج پر پرفارمنس کو بہت پسند کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے تمام مہمانانِ خصوصی نے طلباء کی خود اعتمادی اور تخلیقی صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ان صلاحیتوں کے حامل طلباء کو زندگی میں آگے بڑھنے سے کوئی نہیں روک سکتا ساتھ ہی انہوں نے ان اساتذہ کو خراجِ تحسین پیش کیا جو ایسی نسلوں کو پروان چڑھاتے ہیں۔ آخر میں ریجنل منیجر طارق جاوید بھٹی نے تمام حاضرین کی آمد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ سب لوگوں کی آمد سے تمام طلباء و اساتذہ کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔

## نئے سکولوں کا قیام

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ملتان ریجن نے نئے تعلیم سال کے آغاز پر جنوبی پنجاب کے مختلف دیہی علاقوں میں اپنے نیٹ ورک کو مزید وسعت دیتے ہوئے 12 نئے غزالی سکولز قائم کئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ منیجرز، اور ریجنل منیجرز نے متعلقہ علاقوں کے ابتدائی سروے کئے، تمام سکولز کی لوکل سکول کمیٹیاں قائم کی گئیں اور مقامی لوگوں سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور سکول سسٹم کے حوالے سے تعارفی نشستیں ہوئیں۔ سروے رپورٹ کی روشنی، پریپ کمیٹی کی سفارش اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی منظوری کے بعد ان سکولز کا قیام عمل میں لایا گیا۔ افتتاحی تقریب میں مہمانانِ خصوصی ڈاکٹر سید وسیم اختر (ایم پی اے) اور ڈائریکٹر جنت الفردوس ٹرسٹ میڈم شمیم محمود نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ محمد مشتاق مانگٹ، ڈائریکٹر رورل ایجوکیشن پروگرام (پریپ) عامر محمود چیمہ، ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر نصر اقبال چوہدری اور دیگر معززینِ علاقہ نے شرکت کی۔ نئے سکولز مندرجہ ذیل علاقوں قائم کئے گئے ہیں۔

| ضلع خانیوال | ڈیرہ غازی خان |
|---|---|
| 1) پل پکوڑی | 8) بستی لعل والہ |
| 2) 6-AH | 9) بستی ناڑی |
| 3) جیمس آباد | **بہاولپور** |
| 4) عاصم آباد | 10) چک نمبر 41-DB |
| 5) بستی بروک بانڈ | 11) اڈا تیرہ ہزار |
| 6) پل جڑالہ | **رحیم یار خان** |
| 7) بستی جھلار مدینہ | 12) ترنڈہ محمد پناہ |

ان سکولز کے قیام کے بعد ملتان ریجن (جنوبی پنجاب) کے 7 اضلاع، ملتان، مظفر گڑھ، خانیوال، وہاڑی، بہاولپور، ڈیرہ غازی خان اور رحیم یار خان میں سکولز کی تعداد 67 ہوگئی ہے۔

## سیرت کانفرنس

غزالی سکول سسٹم چاوے والا ضلع سرگودھا میں ایک سیرت کانفرنس منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی علاقے کی معروف سماجی شخصیت ڈاکٹر مبشر احمد صدیقی تھے۔ سیرت کانفرنس میں طلبہ و طالبات اور مقامی افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی ڈاکٹر مبشر احمد صدیقی نے کہا کہ موجودہ مایوسی و انتشار کی فضا کا سبب یہ ہے کہ امت مسلمہ نے اسوۂ حسنہ کو ترک کر دیا ہے اور ان سنہری اصولوں سے روگردانی شروع کر دی ہے جو رسول اللہ ﷺ نے بتائے تھے۔

## جنت الفردوس ٹرسٹ کے تعاون سے ملتان ریجن میں ہینڈ پمپس کی تنصیب

جنت الفردوس ٹرسٹ کی ڈائریکٹر میڈم شمیم محمود کے تعاون سے جنوبی پنجاب کے دور دراز پسماندہ علاقوں میں عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بہاولپور، وہاڑی، رحیم یار خان، ڈیرہ غازی خان، ملتان اور خانیوال اضلاع میں 13 مختلف دیہاتوں میں نلکے (ہینڈ پمپ) لگائے گئے۔ جس کو مقامی آبادی نے بہت سراہا۔ میڈم شمیم محمود اور غزالی ایجوکیشن کے ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا۔ برطانیہ میں مقیم میڈم شمیم ان علاقوں کی ضروریات سے پوری طرح واقف ہیں اور وقتاً فوقتاً پاکستان کا دورہ کرتی رہتی ہیں۔ زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف کی سرگرمیوں میں انہوں نے بھرپور حصہ لیا۔

## عطیات

ملتان ریجن میں 49 سکولز میں مختلف تقریبات ہوئیں جن میں مجموعی طور پر پانچ ہزار سے زائد افراد نے شرکت کی۔ ان تقریبات کے موقع پر ڈی جی خان چھابری بالا سکول کے چھپر کی تعمیر کے لیے محترم غلام عباس نے -/5000 روپے دیئے۔ ڈی جی خان نور والا سکول کے چھپر کی تعمیر کے لیے صوفی غلام عیسیٰ نے -/10000 روپے اور ایک کمرہ بنا کر دینے کا وعدہ کیا۔ جبکہ ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر چوہدری نصر اقبال نے 47/WB کی تقریب تقسیم انعامات کے لیے -/10000 روپے، تین کلاسز کے لیے چھپر کی تعمیر اور پانچ کمروں پر مشتمل نئی بلڈنگ بنا کر دینے کا اعلان کیا۔


## سالانہ تقریب تقسیم انعامات غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد

غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کی آٹھویں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد نیشنل لائبریری آف پاکستان کے آڈیٹوریم میں کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن اویس احمد خان لغاری تھے۔ جبکہ دیگر مقررین میں رکن قومی اسمبلی میاں محمد اسلم سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس، صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل اور ڈائریکٹر غزالی کالج اسلام آباد عبدالسلام شامل تھے۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض سال دوم کی طالبہ طاہرہ جمیل اور سال چہارم کی طالبہ سونیہ عروب نے ادا کئے۔ پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ جس کی سعادت سال اول کی طالبہ سدرہ فضل نے حاصل کی۔ اس کے بعد نعت پڑھنے کا شرف کلاس دہم کی طالبہ منزہ جبین نے حاصل کیا۔

سال دوم کی طالبہ اسماء احمد نے غزالی کالج میں گذارے گئے دو سال کی تصویر تاثرات کی صورت میں سامعین کے سامنے رکھی۔ اس کے بعد کلاس دہم کی طالبہ قرۃ العین نے خوبصورت انداز میں کلام اقبال پیش کیا۔ کلام اقبال کے بعد کلاس دہم کی طالبہ اسماء اختر نے حالاتِ حاضرہ پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

سینیٹر ڈاکٹر فردوس نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے خواتین کی تعلیم و تربیت کا بہترین انتظام کر کے قوم پر بڑا احسان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک تربیت یافتہ خاتون ہی تربیت یافتہ نسل کی ضمانت اور ایک بہترین خاندانی نظام کی بنیاد ہے۔ کالج کی طالبہ بینش فاطمہ نے پرجوش انداز مین انگریزی میں پاکستان کے نظام تعلیم پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

ڈائریکٹر غزالی کالج عبدالسلام نے خطاب کرتے ہوئے کہا کے آٹھ سال کے مختصر عرصے میں اللہ تعالی نے غزالی کالج کو بیش بہا کامیابیوں سے نوازا ہے۔ فیڈرل بورڈ انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں کالج کی طالبہ سمیعہ نواز نے فرسٹ پوزیشن حاصل کرتے ہوئے گولڈ میڈل حاصل کیا اور جبکہ میٹرک کی طالبہ مریم خالد نے سیکنڈ پوزیشن حاصل کرتے ہوئے سلور میڈل حاصل کیا۔ اسکے علاوہ سپورٹس، سائنس ماڈل نمائش، نعت، اور تقریری مقابلوں میں طالبات نے بہترین پوزیشنیں حاصل کیں۔



سالانہ تقریبِ تقسیم انعامات کے موقع پر مقررین، حاضرین کی ایک بڑی تعداد سے خطاب کر رہے ہیں۔

ممبر قومی اسمبلی میاں محمد اسلم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام نے عورت کو جو مقام اور عزت دی ہے دنیا کے کسی مذہب اور معاشرے نے نہیں دی انہوں نے کہا کہ مغرب حقوق کے نام پر عورتوں کے حقوق پامال کر رہا ہے اور انہیں تشہیر کا ذریعہ بنا دیا ہے۔ انہوں نے غزالی کالج کی طالبات کو مبارکباد دی جنہوں نے جدید تعلیم کے ساتھ قرآن و حدیث اور فقہ کی تعلیم بھی حاصل کی۔ اور انگریزی بول کر بھی فاطمہؓ اور عائشہؓ کا پردہ نہیں چھوڑا۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے صدر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے قیام کا مقصد پاکستان کے دیہی علاقوں میں لوگوں کو تعلیم کی سہولت فراہم کرنا اور خواتین کے تعلیمی ادارے قائم کر کے ان کی بہترین تعلیم و تربیت کا انتظام کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ٹرسٹ کے تحت 262 سکولز اور چار خواتین کالجز میں 27,000 سے زائد طالبہ و طالبات کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کیا جا رہا ہے۔ جن میں 10,000 کے قریب یتیم اور غریب بچے ہیں جن کے تمام تر اخراجات ٹرسٹ برداشت کر رہا ہے۔

مہمان خصوصی اویس احمد خان لغاری نے کالج کی ویب سائٹ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ جس کا ایڈریس www.ghazalicollege.edu.pk ہے۔

وفاقی وزیر اویس احمد خان لغاری نے اپنے خطاب میں کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ تعلیم کے میدان میں نمایاں خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ انہوں نے اس سلسلے میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم پوری قوم کا مسئلہ ہے اور اس مسئلے کے حل کے لیے تمام مکتبہ فکر کے لوگوں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال سے گھر بیٹھے روزگار کما سکتی ہیں۔ انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ آئی ٹی کے شعبے میں خواتین کا رجحان بڑھ رہا ہے اور کال سنٹرز میں ان کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خواتین کے لیے گھروں میں دفتری ماحول فراہم کیا گیا ہے۔ جہاں سے وہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کال سنٹر سے وابستہ خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ تمام مہمانوں نے باری باری سال بھر میں اول، دوم اور سوم آنے والی طالبات، سال کی بہترین طالبہ اور بہترین کارکردگی کے حامل اساتذہ اور دیگر ملازمین میں انعامات تقسیم کئے۔ کالج ڈائریکٹر نے مہمانوں کو کالج کی یادگار شیلڈ پیش کی۔

پروگرام کا اختتام دعا سے ہوا۔

## غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں تصویری نمائش

**کمیونٹی سپورٹ پروگرام** کے زیر اہتمام اینٹی نارکوٹکس فورس پاکستان اور غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کے باہمی اشتراک سے منشیات کے منفی اثرات کے متعلق نوجوانوں میں شعور اجاگر کرنے کے لیے غزالی کالج برائے خواتین بارہ کوہ اسلام آباد میں تصویری نمائش کا اہتمام کیا گیا۔

تقریب کی مہمانِ خصوصی راولپنڈی آرٹ کونسل کی ریذیڈنٹ ڈائریکٹر ناہید منظور تھیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انجمن فیض الاسلام کے صدر میاں صدیق اکبر نے کہا کہ تعلیمی ادارے طلباء کی کردار سازی کریں اور انہیں منشیات کے برے اثرات سے آگاہ کریں تا کہ وہ نشے جیسی لعنت سے خود بھی بچیں اور اپنے گھر والوں کو بھی آگاہ کریں۔ تقریب کے اختتام پر اچھی پینٹنگ کا مظاہرہ کرنے والی طالبات کو انعامات دیئے گئے۔

## " Takmeel-e-Quran Ceremony "

A gracious ceremony was held on 18th of April 2006 in Ghazali College For Women in regard to complete Quran with Tafseer and translation. Chief guest was Madam Faryal Ambreen from International Islamic University Islamabad. Ceremony took start-with recitation of Holy Quran. The students presented skits expressing their emotions and moral lessons. In the end Respected Chief guest addressed the students and said "If we lead our lives according to the teaching of Quran & Sunnah, we will be able to achieve both worldly and eternal success".

## Seminar on Science & Religion

Only those nations progress who excel in the field of knowledge and research. A seminar was conducted on the topic "Science & Religion" in institute of Policy studies. Well known scholars like Dr. Anis Ahmed vice chancellor Ripha International University Islamabad and Senator Professor Khurshid Ahmed joined the seminar. The participants of seminar stressed on the reality that Islam is a modernized religion. In this era , Islam is emphasized by propaganda. It was emphasized that Islam is such a religion which doesn't separate nature and science. Islam is such a harmonious and beautiful mixture of natural laws and scientific rules that in its combination it can reveal many secrets of universe. Staff and students of Ghazali College For Women Joined the seminar in the supervision of Director Abdus-Islam and got their knowledge improved.

## Ghazalians Participated in Seminars on Pak-US Relations

Importance of trade and foreign relations cannot be neglected. A seminar on the subject of "Pak-US Relations" was conducted in Institute of Policy studies. The seminar was presided by Senitor Professor Khurshid Ahmed, Ex, foreign secretary of Pakistan, Akram Zaki addressed the seminar and discussed the progress of International relation of Pakistan from the Independence time to up till now. People from different school of thoughts joined the seminar. Students of Ghazali College for Women also joined with director Abdus Salam and enhanced their knowledge.

## The installment of hand pumps in Multan Region with the help of Jannat-ul-Firdous

With the cooperation of Madam Shamim Mehmood, Director Jannat-ul-Firdous Trust, in different villages of Bahawal Pur, Wehari, Rahimyar Khan, Dera Ghazai Khan, Multan, Khane Waal districts, hand pupms have been installed for the welfare of people residing in far off and backward areas of Southern Punjab. The local community has appreciated this noble cause. Madam Shamim who resides in Britain is fully aware of the needs of these areas and visits Pakistan off and on. She also fully participated in relief activities in earthquake hit areas.

## Visits

- Secretary General Ghazali Education Trust, Syed Waqas Jafri has left for USA, Canada and UK. He was invited by Foundation of Faithful USA and ICNA Relief Canada. He will address the meetings held by both organizations. He will also address the different meetings of Pakistan community and will attend the fund raising program.

- The Managing Director Punjab Education Foundation Dr.Allah Bukhsh Malik visited the head office of Ghazali Education Trust (GET). Executive Director Muhammad Mushtaq Mangat briefed him about the mission, objectives, performance and future planning of GET. Executive Director also briefed him about the tasks and responsibilities of Human Resource Department. Dr.Allah Bukhsh appreciated the performance of GET and hoped that Ghazali Education Trust will continue its struggle to spread education viewing his mission and objectives. He made it sure that PEF will provide resource person wherever Ghazali Education Trust will held Teachers Training Workshop.

- The donor of Ghazali Education Trust, Zafar Rajpute who resided in Saudi Arabia visited the head office. Executive Director Aamir Mehmood Cheema welcomed the honourable guest. Executive Director informed him that GET needs Rs.90 lac for the financial support of orphan and needy students and Trust is seeking support from all its donors. The honorable guest ensured his cooperation and said the way Ghazali Education Trust is equipping new generation with education is not only admirable but also worthy to follow.

- Manager Pakistan Rural Education Program (PREP) Shaheedul Haq Zafar visited the schools established in earthquake affected areas of Balakot and Mansehra and showed his satisfaction on the overall performance of these schools. In addition to this Manager PREP visited GSS Abdullah Pur,GSS Bhawni Daas,Kot Asias,Tatlay Alee,Marali Wala district Gujran wala and inspected in detail the different matters of schools.He also visited training centre Heir and attended the training workshops.

### Ghazalian Visit to Nawa-e-Waqt House

- Students of Ghazali College For Women made an educational trip to the office of daily Nawa-e-Waqt on 25th April 2006. In this visit students were informed about the terminologies and procedure of newspaper edition. Resident of Nawa-e-Waqt and his staff guided the students and introduced their news paper.

### Visit of Mrs. Shamim Mahmood from UK

- Mrs. Shamim Mahmood from UK (Executive Director Jinnat-ul-Firdos Trust) Visited Ghazali College for Women on 13th April 2006. She is in the mission of spreading Islamic teachings in U.K. In her visit she expressed her views to the students. In her address she said that in this age western powers are trying to demolish Islamic values and culture. In this regard , Ghazali College is a unique institute which is providing both religious and worldly education. Purpose of this institute is to raise the thinking in students that even in this age, realizing their responsibilities they can play an effective and positive role in the progress of country.

## "Cluster Based Training Workshop"

☐ A workshop named "Cluster Based Training Workshop" was held in Ghazali Teachers' Training Centre from June 12 to June 16 with the cooperation of Punjab Education Foundation (PEF). In addition to GSS teachers of Shekhupura and Lahore, the teachers of local private schools also attended the workshop. During the workshop, the subject specialists of PEF delivered the lectures on science, Maths and English concepts. The participants of the workshop appreciated the teaching method based on activities and thanked the teachers of PEF.

## Content Competency Program

☐ Content Competency Program regarding Urdu English teaching was held from April 24 to April 30 and from May 22 to May 28 under the supervision of Human Resource Department of Ghazali Education Trust. During the workshop the Educator teachers of AFAQ Irfan Bashir, Amir Shahzad and Hafiz Kamran Rafi delivered the lectures about the skills of Urdu, English languages at primary level and the teaching methods of both the languages. While the Manager AFAQ Waheedudin and teacher educator Faisal Khurshid delivered the lectures on the basic concepts of Science and Math at Elementary level.

## Achievements

Learning and Educational Achievements in Punjab Schools (LEAPS) is a non aligned institution of Punjab Government for educational survey. This institution holds examinations in different districts of Punjab to evaluate the quality of education of government and private schools. All government and private schools of Faisalabad participated in the exams this year. The students of Ghazali School System gained first position with 72% numbers while the students of private and government schools achieved overall 52% numbers. Ghazali Education Trust pays tribute to all those teachers who achieved this success with their untiring efforts and devotion. All those students are also admirable who displayed excellent performance.

- The students of Ghazali College for Women showed excellent performance in matric examination held under Federal Board of Intermediate and Secondary Board. The college result was 100%. 80% students got 'A+' and 'A' grade. College student Komal Siddiq got first position in college by getting 908 numbers. Director College Abdus Salaam congratulated all the students, teachers and parents.


Association For Academic Quality ایسوسی ایشن فار اکیڈمک کوالٹی

نجی سکول سسٹمز کا مشترکہ علمی فورم

قومی تعلیمی نصاب اور اسلامی نظریہ حیات کی روشنی میں لکھی گئی

Afaq آفاق

آفاق ٹیکسٹ بکس

ٹیکسٹ بکس
ٹیچرز ٹریننگ
تعلیمی رہنمائی

- مواد کی پیشکش جدید طریقہ تعلیم اور اسلامی تناظر میں
- بچوں کی نفسیات اور ذہنی سطح کے عین مطابق
- قومی امنگوں، ملی ثقافت اور روزمرہ زندگی سے مربوط
- طلباء میں غور و فکر اور تجزیاتی سوچ پیدا کرنے میں معاون
- اعلیٰ معیار اور ہم عصر سیریز کے مقابلے میں ارزاں
- معیاری اور بامقصد تعلیم کا نام

ہیڈ آفس
796۔سی، فیصل ٹاؤن، لاہور فون: 042-5171090-5166406 فیکس: 5171089

مارکیٹنگ اینڈ سیلز
سیکنڈ فلور کمپیوٹر ایس سینٹر، 3 کورٹ سٹریٹ، لوئر مال، لاہور فون: 042-7248070-7249659-7248259
فیکس: 7248259

آفاق بک شاپ
110۔چیٹر جی روڈ، اردو بازار، لاہور فون: 042-7247585

کتب ادارہ کے مقرر کردہ ڈیلرز یا براہ راست ہم سے طلب کریں۔


# تصاویر کے آئینے میں



غزالی سکول سسٹم ڈھوک قاسم ضلع منڈی بہاؤالدین کے ریجنل منیجر ضیاء اللہ شاہین
اور سیکرٹری جنرل سید وقاص جعفری جلسہ تقسیم انعامات میں ایک بچے کی
پرجوش تقریر سن رہے ہیں۔



لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز کے طلباء نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا دورہ کیا۔
ایگزیکٹوڈائریکٹر طلباء کو غزالی کی کارکردگی متعلق بریفنگ دے رہے ہیں۔



ظفر راجپوت (سعودی عرب) غزالی کے مرکزی دفتر میں
منیجر ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ افتخار احمد شیخ سے محو گفتگو ہیں۔




غزالی سکول سسٹم ٹھل حمزہ (رحیم یار خان) کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر
ایگزیکٹوڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ مشتاق احمد مانگٹ، ریجنل منیجر ملتان طارق جاوید
اور ڈسٹرکٹ منیجر اقبال گوہر



Mankind Servant of Pakistan صدر سعید فیروز غزالی ہیڈ آفس
کے دورہ کے موقع پر سراج الرحمٰن اور راسخ ظہیر کے ہمراہ بیٹھے ہیں۔



سید تحریم ارتضٰی پاک ترک (ICEF) کے وفد کو غزالی ٹرسٹ کے
اغراض و مقاصد بتا رہے ہیں۔




غزالی ٹریننگ سنٹر ہیڑ میں اساتذہ ورکشاپ میں لیکچر سن رہے ہیں۔



پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیراہتمام
ٹیچر ٹریننگ ورکشاپ کے شرکاء گروپ ایکٹیویٹی میں مشغول ہیں۔




غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی اساتذہ ٹیچر ٹریننگ ورکشاپ میں لیکچر سن رہی ہیں۔



ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ عامر محمود چیمہ ایک سکول کی
تقریب تقسیم انعامات کے پروگرام میں طلبہ کی پرفارمنس دیکھ رہے ہیں۔



غزالی سکول سسٹم بہل کے طلباء طالبات کا مطالعاتی وتفریحی دورہ کے موقع پر
چشمہ بیراج پر گروپ فوٹو




غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور جنت الفردوس ٹرسٹ کے زیراہتمام
تقسیم کتب کی تقریب میں دو بچے روایتی لباس میں